20/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

يہ آکاش وانی سرينگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن ليکر ميں طارق احمد

ٹرمپ

امريکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امريکی نمائندے، ايران کے ساته بات چيت کرنے کی غرض سے، پاکستان کے شہر اسلام آباد جا رہے ہيں ۔

وائٹ
ہاو

پاکستان ميں وفد کی سربراہی کريں گے ۔ بات چيت کل منگل کو ہونے والی ہے ۔ امريکہ کے JD Vance س نے کہا ہے کہ نائب صدر¿ کئی ميڈيا اداروں نے کہا ہے کہ ايران اميد کر رہا ہے کہ جنگ بندی ميں توسيع کے بارے ميں بده کو ايک علامتی مشترکہ اعلان کيا جائے گا ۔

ليفٹنٹ گورنر

جموں کشمير کو منشيات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمير ابهيان کے تحت سرگرمياں شد و مد سے جاری ہيں ۔

انتظاميہ نے منشيات فروشوں کے خلاف کڑی کارروائی کرنے کا اعلان کيا ہے ۔ ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پيغام ۔

نشہ ريلی

اس دوران اننت ناگ کے ڈورو شاه آباد ميں نشہ مکت جموں و کشمير ابهيان کے تحت ايک بيداری ريلی نکالی گئی ، جس ميں سول سوسائٹی، ٹريڈ يونين اور ٹرانسپورٹ ايسوسی ايشن کے اراکين کے علاوه طلباء، نوجوانوں، مذہبی شخصيات، سابقعوامی نمائندوں نے شرکت کی ۔

اس موقع پر مقررين نے نوجوان نسل کو منشيات کی لت سے بچانے پر زور ديتے ہوئے کہا کہ ان کی ذمہ داری معاشرے کے تمام طبقات پر عائد ہوتی ہے ۔ انہوں نے انتظاميہ کو مکمل تعاون فراہم کرنے کے عزم کا اعاده کيا ۔

سکمز

کے اہتمام سے منعقد ہوئی Endocrinology شير کشمير انسٹی چيوٹ آف ميڈيکل سائنسز صوره سرينگر ميں ادارے -

MPشعبے PCOS کے سوسائٹی کی چهٹی سالانہ بين الاقوامی کانفرنس اختتام پذير ہوئی ۔ Metabollic Syndrome, Pre diabetes & PCOS يعنی
کی شرح Polycystic Ovary Syndrome کانفرنس کی اختتامی تقريب کے دوران اس بات کی جانکاری دی گئی ہے کہ بهارت ميں نوجوان خواتين ميں 19.3 فيصد تک پہنچ گئی ہے جو ملکی سطح پر 44 ملين آبادی کو متاثر کر رہا ہے۔

ريسرچ سے يہ بات سامنے آئی ہے کہ کشمير ميں بهی اس بيماری سے 30 فيصد آبادی متاثر ہوئی ہے ۔ اس کانفرنس JAMA دوسری جانب ميں اس بيماری کی روکتهام کے ليے اجتماعی کوششوں پر زور ديا گيا ۔

ايڈوائزری

Irritable Bowel سماج کے بزرگ طبقے کو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کئی طبی مسائل کا سامنا رہتا ہے جن میں سے ایک مسلہ بھی ہے - IBS یعنی Syndrome

بزرگوں میں اس بیماری کی علامات اور بچاو سے متعلق معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

تقریب

گاندھی گلوبل فیملی کی جانب سے سرینگر کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران مالی اعتبار سے کمزور،یتیم اور پسماندہ طبقات کے بچوں کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے جنہوننے مشکلات کے باوجود حالیہ دسویں جماعت کے امتحانات مینبہترین کار کردگی کا مظاہرہ کیا۔

اس تقریب کی صدارت گاندھی گلوبل فیملی کے چیئرمین پدم شری ایس پی ورما نے کی، جنہوں نے طلباءکی محنت، لگن اور ثابت قدمی کی تعریف کی۔ انہوں نے سماجی تبدیلی کے لیے تعلیم کو ایک طاقتور ذریعہ بتایا۔

ار دو کونسل

جموں کشمیر ار دو کونسل نے پٹواری اور نائب تحصیلدار اسامیوں کی حالیہ بھرتی کے نوٹیفکیشن میں اردو زبان کے لازمی شرط ختم کیے جانے پر شدید ردعمل کا اظہار کیا۔

کونسل کا ایک اجلاس ایڈوکیٹ عبدالرشید ہانجورہ کی صدارت میں منعقد ہوا جس دوران حکومت سے فوری طور پر اس فیصلے پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ کیا گیاکیونکہ اردو جموں کشمیر میں مہاراجہ پرتاپ سنگھ کے دور حکومت سے یہاں کی سرکاری زبان رہی ہے -

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 2452019-0194 پر ہو رہی ہے -

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9اشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا -

خدا حافظ